**خبروں کا** اعلامیہ

# 10 جنوری کو طلباء شخصی طور پر (ان پرسن) سیکھنے کے لیے واپس آ رہے ہیں

5 جنوری، 2022

محفوظ طریقے سے سیکھنا جاری رکھنے کے لیے اقدامات کے ساتھ ، ان کی مجموعی فلاح و بہبودمیں مددکے لیے ارلی چائلڈہوُڈ سروسز (Early Childhood Services) کے بچوں سے لے کر گریڈ 12 کے طلباء 10 جنوری کو کلاس رومز میں واپس آئیں گے ۔ گریڈ 4سے گریڈ 9 کے طلباء کے لیے سیکھنے میں رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے ایک نیا ٹول بھی متعارف کرایا جا رہا ہے۔

طلباء ریپیڈ ٹیسٹس (rapid tests) اور میڈیکل گریڈ ماسکس تک رسائی کی اضافی حفاظت کے ساتھ ، جو کہ کووڈ-19کےمتبادل شکل (ویریئنٹ)، اومیکرون (Omicron) کے خلاف تحفظ کی ایک اضافی پرت کے طور پر اسکولوں کے ذریعے تقسیم کیے جائیں گے، شخصی طور پر (ان پرسن) سیکھنے پر واپس آئیں گے ۔

ریپڈ ٹیسٹس (rapid tests) اور ماسکس کی کھیپ اس ہفتے شروع ہو جائے گی اور اگلے ہفتے کے آخر تک تمام سکولوں کو ان کی ابتدائی کھیپ موصول ہو جائے گی۔ طلباء اور عملے میں تقسیم کاری اس وقت ہو گی جب انفرادی سکولوں کو ان کا سامان ملے گا ۔ ریپڈ ٹیسٹس (rapid tests) اور ماسکس دونوں قسطوں میں بھیجے جائیں گے۔

پہلے سے موجود صحت کے اہم اقدامات کلاس رومز میں موجود طلباء کی حفاظت کوجاری رکھیں گے۔ ان میں ماسک پہننا، جسمانی دوری برقرار رکھنا، ہم آہنگی، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے بہتر طریقے، پانچ سال اور اس سے زیادہ عمر کے ہر فرد کے لیے ویکسی نیشن کی دستیابی، اور اسکول کے حکام کو بالغوں کے لیے ویکسی نیشن کا ثبوت ساتھ رکھنے کی پالیسیز کی ترغیب دینا شامل ہے۔

## تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے نیا ٹول

شخصی طور پر (ان پرسن) محفوظ طریقے سے سیکھنے کے لیے معاونت کے علاوہ، اگلے ہفتے گریڈ 4 سے 9 تک کے طلباء اور ان کے والدین ای-ٹیوٹرنگ ہب (e-Tutoring Hub) کے ذریعے مفت آن لائن ٹیوٹرنگ کے وسائل کو دیکھنے کے قابل ہو جائیں گے، تاکہ ان اہم مہارتوں کو جنہیں طلباء عالمی وباء کی وجہ سے سیکھنےسے پیچھے رہ گئے

ہیں,حاصل کرنے کا کام تیزی سے پورا کیا جا سکے، .یہ نیا وسائل گریڈ 1 سے 3 کے طلباء کے لیے کووڈ-19سے متعلق سیکھنے میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے حکومت کی 45 ملین ڈالر تک کی سرمایہ کاری پر استوار ہے۔

ای-ٹیوٹرنگ ہب(e-Tutoring Hub) کا آغاز پہلے سے ریکارڈ شدہ ویڈیو ٹیوٹرنگ سیشننز کے ذریعےکیا جائے گا، طلباء اور ان کے والدین خواندگی اور عددی مہارتوں کو تیار کرنے کے لیے کسی بھی وقت جن تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سال کے آخر میں، البرٹا ایجوکیشن (Alberta Education)براہ راست تعلیم کی فراہمی (لائیو ٹیوٹرنگ) سمیت مزید درجات (گریڈز) اور مضامین کا احاطہ کرنے کے لیے آن لائن ٹیوشن کی خدمات کو وسعت دے گی۔ اسکول کے حکام، والدین اور طلباء کےآراءنئے ٹیوٹرنگ سیشنز کے موضوعات اور ضروریات سے آگاہ کریں گے۔

## گھر پر سیکھنے کی طرف منتقل کرنا

ضرورت پڑنے پر حکومت اسکول کے حکام کے ساتھ گھر پر سیکھنے کی شفٹوں پر کام جاری رکھے گی۔ اگر اسکول میں آپریشنل چیلنجزسے نمٹنے کے لیے ضرورت پڑی تو اسکول کے حکام کے پاس کلاس یا انفرادی گریڈ کو مختصر مدت کے لیے گھر پر سیکھنے میں منتقل کرنے کی لچک برقرار رہے گی۔ پورے اسکولوں یا اسکول کے حکام کو گھر پر سیکھنے میں منتقل کرنے کے فیصلے اسکول کے حکام کے آراءکے ساتھ، البرٹا حکومت کی طرف سے کیے جاتے رہیں گے۔ دونوں صورتوں میں، طالب علم کی غیر حاضری کی شرح، اسکول یا اسکول اتھارٹی کی دستیاب عملے کے ساتھ اسکول میں کلاسیں چلانے کی قابلیت اور دیگر متعلقہ معلومات پر، بشمول اگر دستیاب ہو تو، مقامی صحت کے ڈیٹاپر،غور کیا جائے گا ۔

## فوری حقائق

- گھر پر کیے جانے والے ریپڈ ٹیسٹ کٹس اور میڈیکل گریڈ ماسکس دونوں مرحلہ وار طریقہ استعمال کرتے ہوئے تقسیم کیے جائیں گے، جس کی کھیپ اسکولوں کو بھیجی جائے گی ، جب جب وہ صوبے کو موصول ہوتی ہیں۔
- ابتدائی طور پر، گھر پر کیے جانے والے پانچ ریپڈ ٹیسٹ کٹس کے ڈبّے ہر طالب علم اور عملے کے رکن کو 2.5 ہفتوں کے لیے، ہفتے میں دو بار ٹیسٹ کرنے کے لیےمناسب فراہمی مہیاکریں گے اور ہر طالب علم اور عملے کے لیے ماسک کی دو ہفتے کی فراہمی بھی بھیج دی جائے گی۔ میڈیکل گریڈ ماسک کو جانچا گیا ہے اور یہ بین الاقوامی معیارات پر پورا اترتا ہے۔
- گھر پر سیکھنے کی کے لیے شفٹس کی منتقلی:
  - وہ حکام جو پورے اسکول یا اسکول کی اتھارٹی کو قلیل مدتی گھر پر سیکھنے کے لیے منتقل کرنا چاہتے ہیں انہیں وزیر (منسٹر)سے منظوری کی درخواست کرنی ہوگی۔
  - شفٹ کو منظور کرنے کا معیار طالب علم اور عملے کی غیر حاضریوں کے نتیجے میں آپریشنل ضروریات پر ، پہلے سے اٹھائے گئے اقدامات پر اور اگر دستیاب ہو تو، مقامی صحت کے ڈیٹا پر مبنی ہوگا۔
- **ای-ٹیوٹرنگ ہب** (e-Tutoring Hub) پر مندرجہ ذیل آن لائن تعلیمی اجلاس (ٹیوٹرنگ سیشنس) ہوں گے:
  - مفت، تمام طلباء، والدین اور اسکول کے عملے کے لیے لامحدود رسائی کے ساتھ

- چھوٹے طلباءکے لیے 15 منٹ تک اور بڑی عمر کے طلباء کے لیے 60 منٹ تک
- طالب علموں اور ان کے خاندانوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اسکول کے دن، سہہ پہر اور شام کے دوران براہ راست پیشکش کی جاتی ہے۔
- انفرادی رازداری کے تحفظ کے لیے ڈیزائن اور ڈیلیور کیا گیا ہے۔
- ریکارڈ شدہ ویڈیو کے طور پر دن کے 24 گھنٹوں اور ہفتہ کے ساتوں دن دستیاب ہے۔
- البرٹا ایجوکیشن(Alberta Education) میں کام کرنے والے البرٹا کے سند یافتہ اساتذہ کے ذریعہ تیار کردہ

- عالمی وباء کے دوران، اسکول کے حکام کو کووڈ-19کے لیے ٹیکس دہندگان کی مالی اعانت میں 1 بلین ڈالرسے زیادہ تک رسائی حاصل ہوئی ہے۔ اس میں 2020-21 تعلیمی سال میں صوبہ بھر کے تمام اسکولوں کے حکام کے لیے آپریٹنگ فنڈنگ میں 120ملین ڈالر کا اضافہ، 2020-21 تعلیمی سال کے دوران 250 ملین ڈالر کی تیزی سے کیپٹل مین ٹیننس(accelerated capital maintenance) اور تجدید کی فنڈنگ، ٹیکس دہندگان کےذریعے فنڈکیے گئےبورڈ کے ذخائر تک رسائی، نیز 2021-22 تعلیمی سال کے لیے کووڈ-19 کی فنڈنگ میں 130 ملین ڈالر کی کمی شامل ہے۔

- اسکول اتھارٹی کے آپریٹنگ ذخائر 2020-21 تعلیمی سال کے دوران 31 اگست، 2021 تک 80 ملین ڈالر سے بڑھ کر 464 ملین ڈالر ہو گئے ہیں۔ مجموعی سرمایہ اور آپریٹنگ ذخائر 700 ملین ڈالر سے زیادہ ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- [اس سال محفوظ اور صحت مند رہنا](Staying safe and healthy this year) (Staying safe and healthy this year)

## **متعلقہ خبریں**

- Kسے 12 تک کےگریڈ کے طلباء کے لیے موسم سرما کی چھٹیوں میں توسیع (Winter break extended for K-12 students) (30 دسمبر،2021)
- طلباء کوتعلیم پورا کرنے کے لئے سرگرمی تیز کرنے میں مدد کرنا (Helping students catch up) (27 اکتوبر، 2021)

## **ملٹی میڈیا**

- ویڈیو: گھر پر ریپڈ ٹیسٹنگ (Video: At-home rapid testing)
- نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)

درجہ بندی: عوامی (پبلک)

## میڈیا کی طرف سے پوچھ گچھ (میڈیا انکوائریز)

[ڈیلن ٹوپال (Dylan Topal)]


- 780-886-2912

قائم مقام پریس سیکرٹری، تعلیم(Acting Press Secretary, Education)